A-PDF Watermark DEMO: Purchase from www.A-PDF.com to remove the watermark

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ

## پریس ریلیز 18/05

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بورڈ ہذا کے زیر اہتمام منعقد ہونے والا امتحان سیکنڈری سکول سالانہ 2018ء مورخہ 01-03-2018 بروز جمعرات سے شروع ہو رہا ہے۔ جس کے لیے پرائیویٹ امیدواران کی رولنمبر سلپیں ان کے داخلہ فارم پر دیئے گئے گھریلو پتہ پر بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک ارسال کر دی گئی ہیں۔ امسال بھی بورڈ سے الحاق شدہ جملہ ادارے اپنا پاس ورڈ استعمال کرتے ہوئے بورڈ کی ویب سائٹ سے رولنمبر سلپیں ڈاؤن لوڈ کر کے متعلقہ سربراہ ادارہ اپنی مہر و دستخط ثبت فرما کر امیدوار کو جاری کریں۔ واضح رہے کہ امتحانی مرکز میں صرف سربراہ ادارہ کی مہر و دستخط والی رولنمبر سلپ ہی قابلِ قبول ہوگی۔

امیدواران کی سہولت کے پیشِ نظر بورڈ ہذا نے اپنی ویب سائٹ (www.bisegrw.com) پر امتحان مذکورہ کے امیدواران کے اہلیت مکمل والے پرائیویٹ گروپ سنٹر بھی اَپ لوڈ کر دیے ہیں جن سے پرائیویٹ امیدواران اپنی رولنمبر سلپیں ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔ اور وہ رولنمبر سلپ امتحانی مرکز میں قابل قبول ہوگی۔

پرائیویٹ امیدواران جن کی اہلیت نامکمل ہے۔ ان کو اعتراض ختم کرانے کے لیے یاد دہانی مراسلہ جات جاری کر دیئے گئے ہیں۔ ان امیدواران کے مفاد میں ان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ فی الفور اعتراضات دور کروا کر اپنی رولنمبر سلپیں بورڈ سے حاصل کر لیں۔ دفتر کا اعتراض ختم نہ ہونے کی صورت میں رولنمبر سلپیں جاری نہیں کی جائیں گی۔ اور اس کی تمام تر ذمہ داری امیدواران پر عائد ہوگی۔ تاہم جن امیدواران کو مورخہ 20-02-2018 تک رولنمبر سلپیں موصول نہ ہوں تو وہ بالمشافہ یا بذریعہ ٹیلی فون نمبر 055-9200751-55 (ایکسٹینشن نمبر 166)/055-3892634 ڈپٹی کنٹرولر (میٹرک) بورڈ ہذا سے رابطہ کر کے بلا معاوضہ ثنی رولنمبر سلپ حاصل کر سکتے ہیں۔

**نوٹ:** امیدوار بالمشافہ رابطہ کی صورت میں داخلہ فارم جمع کروانے کی اصل رسید ضرور ہمراہ لائے۔

**(دستخط)**

**(ناصر محمود اعوان)**

**کنٹرولر امتحانات**

**کاپی برائے اطلاع**

1. جناب ڈائریکٹر تعلقات عامہ گوجرانوالہ ڈویژن، گوجرانوالہ
2. سسٹم اینالسٹ (برائے ویب سائٹ) (02 کاپیاں)
3. داخلی تقسیم

آفس سپرنٹنڈنٹ (اکیڈمک)

14-02-2018

Result.pk